حکومت پاکستان
اسٹیبلشمنٹ ڈویژن
(اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن لاہور)

اطلاع

حکومت پاکستان اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن نے خواتین کی سہولت کے پیش نظر ویلفیئر اسکیم کے تحت درج ذیل وفاقی کالونیز میں لیڈیز انڈسٹریل ہومز (ادارہ دستکاری) قائم کر رکھے ہیں۔

1- لیڈیز انڈسٹریل ہوم سی جی ای کالونی وحدت روڈ لاہور فون: 99333075

2- لیڈیز انڈسٹریل ہوم وفاقی کالونی کوارٹر نمبر 6-5 بلاک نمبر 5-D لاہور فون: 99231469

3- لیڈیز انڈسٹریل ہوم پاکستان منٹ کالونی لاہور فون: 36553739

ان اداروں میں خواتین اور بچیوں کو درج ذیل مضامین میں ڈپلومہ اور مختصر مدت کے کورسز کروائے جاتے ہیں۔

کٹائی سلائی، ہاتھ کی کڑھائی، سادہ مشین کی کڑھائی، ڈسک میٹک پر کڑھائی، مشین نٹنگ، ہینڈ نٹنگ، کروشیا، واٹر پینٹ، آئل پینٹ، فیبرک پینٹ، پوٹ پینٹنگ، بوتیک پینٹنگ، ٹائی اینڈ ڈائی، فلاور میکنگ، بیکنگ، اچار چٹنیاں، جیم سکوائش، کوکنگ (پاکستانی کھانے) ان کے علاوہ گلاس پینٹنگ، اچپنگ ورک، کینڈل میکنگ، اسٹوکنگ نیٹ فلاور اور اٹالین ڈوہ کرافٹ، کمپیوٹر ٹریننگ اور موسم کے مطابق مختصر مدت کے مختلف کورسز کروائے جاتے ہیں

لیڈیز انڈسٹریل ہومز بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن پنجاب سے منسلک ہیں اور کامیاب ہونے والی طالبات کو بورڈ ہذا سے اسناد دی جاتی ہیں۔ شادی شدہ خواتین کو ٹائم کی خصوصی سہولت دی جاتی ہے داخلہ کی خواہش مند خواتین سپر وائزر لیڈیز انڈسٹریل ہومز سے بالمشافہ یا ٹیلی فون پر مزید معلومات حاصل کر سکتی ہیں

مقبول احمد چوہان چیف ویلفیئر آفیسر فون: 99211933

Scanned with CamScanner

حکومت پاکستان　　اسٹیبلشمنٹ ڈویژن

سٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن

اے جی آفس کمپاؤنڈ-لاہور

سرکلر

سٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن اسٹیبلشمنٹ ڈویژن حکومت پاکستان کا ایک ذیلی ادارہ ہے۔ جس کا مقصد وفاقی ملازمین اور انکے زیر کفالت افراد کے لئے فلاحی پروگرام جاری کرنا ہے۔ تاکہ ان کے مالی وسائل میں اضافہ ہوسکے بالخصوص کم تنخواہ دار طبقے کیلئے۔ اس ضمن میں سٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن نے ان کے لئے مندرجہ ذیل منصوبے اور پروگرام جاری ہیں۔

1. بچوں کیلئے تعلیمی وظائف: حاضر سروس، ریٹائرڈ اور متوفی ملازمین کے ایسے بچوں کے لئے جو سرکاری یونیورسٹیز-3، کالجز-2 اور سکولز-1 میں تعلیم حاصل کرتے ہوں تعلیمی وظائف دیے جاتے ہیں۔
2. فیڈرل سٹاف ریلیف فنڈ: (امداد برائے کفن دفن) وفاقی ملازمین یا ان کے زیر کفالت افراد کی بیماری یا اموات کی صورت میں گرانٹ (امداد) دی جاتی ہے۔
3. ری ہیبلیٹیشن ایڈ: (بحالی معذوری امداد) وفاقی ملازمین میں یا ان کے زیر کفالت افراد کو معذوری کی صورت میں مختلف مصنوعی اعضاء، وہیل چیئر، آلہ سماعت، ٹرائی سائیکل اور سرجیکل شوز دیے جاتے ہیں۔
4. ووکیشنل ٹریننگ سنٹر: (پیشہ ورانہ تربیت) وفاقی ملازمین اور ان کے زیر کفالت افراد کی صلاحیت کار کو بڑھانے کیلئے شارٹ ہینڈ، ٹائپنگ اور کمپیوٹر ٹریننگ جیسے مفید کورسز کروائے جاتے ہیں۔
5. لیڈیز انڈسٹریل ہومز: (خواتین کی تربیت کا ادارہ) زیر کفالت خواتین کی استعداد بڑھانے کیلئے لیڈیز انڈسٹریل ہومز مختلف رہائشی کالونیوں میں قائم کیے گئے ہیں جن میں سلائی، دستکاری، پینٹنگ کے ڈپلومہ کورس اور مختصر دورانیے کے کورسز کروائے جاتے ہیں جن کے سرٹیفکیٹ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن لاہور سے جاری ہوتے ہیں۔
6. کمیونٹی سینٹرز: تفریحی و غیر نصابی سرگرمیوں اور انڈور کھیلوں کیلئے کمیونٹی سینٹرز اے جی آفس کمپاؤنڈ اور وفاقی کالونی میں قائم کیے گئے ہیں۔
7. شادی ہال: وفاقی ملازمین اور انکے زیر کفالت افراد کی شادیوں و دیگر تقریبات کے انعقاد کیلئے شادی ہال قائم کیے گئے ہیں جو ارزاں نرخوں پر فراہم کیے جاتے ہیں۔
8. ایمبولینس سروس: ہاسپٹل لیجانے اور لانے کیلئے ایمبولینس سروس 24 گھنٹے دستیاب ہے رابطے کیلئے فون نمبر 042-99231469۔ (مناسب نرخوں پر دستیاب ہیں)
9. کوسٹر سروس: شادی بیاہ و دیگر تقریبات کیلئے نہایت کم نرخوں پر کوسٹر سروس فراہم کی جاتی ہے۔
10. لائبریریز: تعلیمی اور ادبی استعداد کیلئے دو عدد لائبریریاں کمیونٹی سینٹر اے جی آفس اور کمیونٹی سینٹر وفاقی کالونی میں قائم کی گئی ہیں جہاں پر مختلف موضوعات پر ہزاروں کتب دستیاب ہیں اخبارات اور رسائل اس کے علاوہ ہیں۔
11. آڈیٹوریم: سیمینار اور دینی پروگرامز کے لئے کمیونٹی سنٹرز کی سہولت دستیاب ہے۔
12. مری میں کمروں کی سہولت: ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی تفریح کے لئے مری میں ریسٹ ہاؤس میں کمروں کی بکنگ کی سہولت ہے۔

مندرجہ بالا سہولتوں میں مزید معلومات مندرجہ بالا پتہ سے فون نمبر 042-99211933 سے حاصل کی جاسکتی ہیں مختص فارمز منسلک کریں۔

محمد غضنفر
چیف ویلفیئر آفیسر
042-9911933

Scanned with CamScanner